© rasailojaraid.com



سمیع الحق صاحب سے ملنے تشریف لائے۔اسی طرح مجلس عمل کے بانی جناب مولانا سید عطاالمحسن صاحب بخاری جے یو آئی سرحد کے امیر شیخ الحدیث مولانا امان اللہ خان صاحب بھی دارالعلوم تشریف لائے اور انہوں نے کچھ دیر دارالعلوم میں قیام کیا۔اور دارالعلوم کے اساتذہ سے انکی تفصیلی ملاقاتیں ہوئیں۔اسطرح جمعیت علماء اسلام صوبہ سرحد کے امیر مولانا قاضی عبداللطیف صاحب صوبہ پنجاب کے جنرل سیکرٹری مولانا سیف الرحمان درخواستی پاکستان کے نامور خطیب مولانا عبدالکریم ندیم ، پاکستان عوامی اتحاد کے سیکرٹری اطلاعات پیر فضل حق سپاہ صحابہ کے مرکزی نائب امیر مولانا خلیفہ عبدالقیوم بھی دارالعلوم حقانیہ تشریف لائے۔اور قائد جمعیت حضرت مولانا سمیع الحق صاحب سے الگ الگ ملاقاتیں کرکے ملکی اور بین الاقوامی سیاسی صورتحال پر سیر حاصل گفتگو کی۔

## حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ کی مصروفیات

حضرت مولانا انوار الحق مدظلہ نائب مہتمم جامعہ دارالعلوم حقانیہ 5 اکتوبر وفاق المدارس العربیہ کی مجلس عاملہ کے اجلاس میں شرکت کیلئے ملتان گئے 5 اکتوبر کو عاملہ اور 6 اکتوبر کو شوریٰ کا اجلاس ہوا جس میں اراکین نے بھرپور تعداد میں شرکت کی۔ اجلاسوں کے دوران ۱۴۲۰ھ میں منعقد ہونے والے سالانہ امتحانات نصاب کمیٹی کی رپورٹ پر تفصیلی غور کے علاوہ آئندہ مدت کیلئے عہدہ داران کا انتخاب بھی کیا گیا دونوں مجالس نے متفقہ طور پر صدارت کیلئے شیخ الحدیث حضرت مولانا حسن جان صاحب ناظم اعلیٰ مولانا قاری محمد حنیف جالندھری اور ناظم کیلئے استاذ الحدیث مولانا انوار الحق نائب مہتمم جامعہ حقانیہ کا انتخاب فرمایا۔ انکے علاوہ بعض امور جنمیں حکومت کیطرف سے دہشت گردی میں مدارس دینیہ کو ملوث کرنے کی کوشش ہے کی بھرپور مذمت کی گئی۔

**جاپانی براڈ کاسٹنگ کے بیورو چیف اور صحافیوں کی دارالعلوم تشریف آوری** گزشتہ ہفتے جاپان کے براڈ کاسٹنگ کے دہلی کے بیورو چیف (Hiromi HIROSE) اپنے ساتھیوں سمیت حضرت مولانا سمیع الحق صاحب سے ملنے اور دارالعلوم کو دیکھنے کیلئے پاکستانی نامور صحافیوں کے ساتھ دارالعلوم تشریف لائے اور انہوں نے حضرت مولانا مدظلہ کا تفصیلی انٹرویو ریکارڈ کیا

© rasailojaraid.com